اداریہ

مجلّہ تحقیق کلیہ علومِ شرقیہ کا اہم مجلّہ ہے۔اس میں مشرقی زبانوں، ادب، ثقافت اورفنون لطیفہ وغیرہ پر معیاری تحقیقی مقالات شائع ہوتے ہیں۔بارہ مقالات پر مشتمل دوسرا شمارہ بابت اپریل۔جون ۲۰۱۸ء پیش خدمت ہے۔اس میں بھی مجلّے کی تاریخی روایت کی پیروی کرتے ہوئے متنوع موضوعات کو شامل کیا گیا ہے تاکہ قارئین کو متنوع معلومات میسر آئیں۔کلیہ علوم شرقیہ معروف محققین اور نامور اساتذہ کے ساتھ ساتھ نئے لکھنے والوں کی خاص طور پر حوصلہ افزائی کرتا ہے۔پیش نظر یہ ہے کہ نئی نسل کی تحقیق وکھوج کے حوالے سے تربیت ہو سکے۔اس لئے صلائے عام ہے یاران نکتہ دان کے لئے۔

محمد سلیم مظہر

مدیر